106477-رمضان المبارک کے روزوں کی قضاء ایک ایک روزے رکھ کرنے میں کوئی حرج نہیں

سوال

اگر کسی شخص پر رمضان المبارک کے روزوں کی قضاء ہو تو کیا وہ مختلف ایام میں روزہ رکھ سکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

"جی ہاں اگر کسی شخص پر رمضان المبارک کے روزوں کی قضاء ہو تو وہ مختلف ایام میں روزے رکھ سکتا ہے؛ کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے :

.{اور جو کوئی مریض ہو یا مسافر تو وہ وہ دوسرے ایام میں گنتی پوری کرے }.البقرۃ(185).

اس آیت میں اللہ سبحانہ و تعالی نے قضاء کے روزوں میں تسلسل کی شرط نہیں لگائی"

اللہ سبحانہ و تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے" انتہی

مستقل فتوی اینڈ علمی ریسرچ کمیٹی.

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.

الشیخ عبد الرزاق عفیفی.

الشیخ عبد اللہ بن غدیان.

الشیخ عبد اللہ بن قعود.